بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اعلیٰ حضرتؒ اور ان کی ''حدائقِ بخشش''

اللہ اللہ یہ مجموعۂ نعت — جس کا ہر صفحہ ہے تصویرِ کمال
حبذا! چشمۂ فیضانِ رسول — جس کی ہر موج ہے آئینۂ حال
حبذا! مخزنِ انوارِ رضاؒ — مرحبا! جامِ مئے حسن مقال
اس کی شخصیتِ جامع ہو رقم — کس کے خامہ کو یہ حاصل ہے کمال
جس کے رنگوں میں جمالِ سیرت — ہے تصور میں وہی نقشِ جمال
نعت گوئی تھا وظیفہ جن کا — جن کے تبلیغ میں گزرے مہ وسال
عشقِ سرور سے تھا دل جن کا گداز — جن کی نعتوں کی نہیں ملتی مثال
وہ کہ ہیں ترجمانِ قرآں بھی — کنز الایماں ہے ان کا نقشِ کمال
ان کے افکار و خیالات جمیل — اہلِ دل کے لئے ہیں مال ومنال
ذکرِ ذی شانِ رسولِ عربیؐ — نظر افروز ہیں جس کے خدوخال
رات دن پڑھئے حدائق ان کی — رات دن کیجئے تذکارِ جمال

سیّد یزدانی جالندھری
۱۴۰۲ھ۔۔۔۱۹۸۱ع